Government of Pakistan
Benazir Income Support Programme
****

Press Release

BENAZIR INCOME SUPPORT PROGRAMME ENHANCES FINANCIAL SUPPORT TO ALLEVIATE ECONOMIC HARDSHIPS FOR POOR FAMILIES: SENATOR RUBINA KHALID

Senator Rubina Khalid Stresses the need for CNIC and Form B for BISP Enrollment during Khuli Katcheri in Nowshera

August 24: Senator Rubina Khalid, Chairperson of the Benazir Income Support Programme (BISP), has emphasized that the BISP is providing additional financial support to alleviate the economic difficulties of poor families. She stated that the program reflects the vision of Shaheed Mohterma Benazir Bhutto to economically empower the women of Pakistan, a vision she championed even during her exile in Dubai. Thanks to this program, the most vulnerable women in the country have gained recognition and support. Senator Rubina Khalid expressed these views during her speech at the women's Khuli Katcheri in Azakhil Bala, Nowshera.

Senator Rubina Khalid urged the women to visit the BISP offices to collect their payments only after receiving a confirmation message from 8171. She highlighted the importance of having essential documents such as the National Identity Card (NIC) issued by NADRA and the Form B for children to enroll in the program. In the event of any deductions, she advised contacting the BISP helpline at 0800-26477 or visiting the nearest BISP tehsil office.

She further mentioned that BISP provides educational scholarships to the children of deserving families under the Benazir Taleemi Wazaif Programme, with a special focus on scholarships for girls. Additionally, a unique skill development program is being launched to enhance the socio-economic status of deserving women and their family members.

Later, Senator Rubina Khalid visited Tehsil Katlang in Mardan, where she addressed a public gathering. She shared that, as per the instructions of President Asif Ali Zardari, the scope of the BISP is being expanded to include more deserving households. She emphasized that the aim is for eligible women to receive their payments with dignity and respect, without any deductions.

Senator Rubina Khalid also announced that BISP has introduced a new banking system to facilitate the payment of funds to deserving women. Under this system, the services of six banks are being procured to minimize human intervention, ensuring that beneficiaries receive their payments promptly. She appealed to the public to cooperate with BISP management to ensure that payments are collected transparently and honorably by the entitled women.

حکومت پاکستان

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام

***

پریس ریلیز

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے خواتین کی معاشی بااختیاری کے ویژن کی عکاسی کرتا ہے، سینیٹر روبینہ خالد

سینیٹر روبینہ خالد کا نوشہرہ میں خواتین کی کھلی کچہری کے دوران بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں شمولیت کیلئے قومی شناختی کارڈ اور فارم ب کی اہمیت پر زور

24اگست: سینیٹر روبینہ خالد چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام نے کہا ہے کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام غریب گھرانوں کی معاشی مشکلات کو کم کرنے کیلئے اضافی مالی معاونت فراہم کر رہا ہے۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے پاکستان کی غریب خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے ویژن کی عکاسی کرتا ہے جس کی بنیاد انہوں نے دبئی میں جلاوطنی کے دوران رکھی۔ اس پروگرام کی بدولت ملک کی بے سہارا خواتین کو شناخت ملی ہے۔ ان خیالات کا اظہار سینیٹر روبینہ خالد نے اضاخیل بالا نوشہرہ میں خواتین کی کھلی کچہری سے خطاب کے دوران کیا۔

سینیٹر روبینہ خالد نے خواتین کو ہدایت کی کہ صرف 8171 سے پیغام ملنے پر ہی رقم کی وصولی کیلئے دفتر تشریف لائیں۔ انہوں نے کہا کہ پروگرام میں شمولیت کیلئے بنیادی دستاویزات جیسے نادرا کا قومی شناختی کارڈ اور بچوں کا فارم ب ضروری ہے۔ رقم سے کٹوتی کی صورت میں بی آئی ایس پی ہیلپ لائن نمبر 080026477 پر کال کریں یا قریبی بی آئی ایس پی تحصیل دفتر تشریف لائیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ ہم بینظیر تعلیمی وظائف پروگرام کے تحت مستحق خاندان کے بچوں کو تعلیمی وظائف دیتے ہیں جن میں بچیوں کی تعلیم کیلئے زیادہ وظائف مختص ہیں۔ بینظیر نشوونما کے تحت حاملہ خواتین اور انکے بچوں کو وظائف اور غذائیت سے بھرپور خوراک فراہم کی جاتی ہے۔ علاوہ ازیں، مستحق خواتین اور انکے گھرانوں کے افراد کیلئے بینظیر ہنر پروگرام کا آغاز بھی کیا جا رہا ہے تاکہ ان خاندانوں کی سماجی و معاشی حیثیت میں بہتری واقع ہو۔

بعد ازاں، سینیٹر روبینہ خالد نے مردان کی تحصیل کاٹلنگ کا دورہ بھی کیا جہاں انہوں نے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری کی ہدایات کے مطابق بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دائرہ کار کو وسعت دی جا رہی ہے تاکہ مزید مستحق گھرانوں کو پروگرام میں شامل کیا جا سکے۔ ہمارا مقصد ہے کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی مستحق خواتین کو ان کی رقم بغیر کسی کٹوتی کے عزت و احترام کیساتھ ملے۔

سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بی آئی ایس پی نے مستحق خواتین کو رقوم کی ادائیگی میں سہولت فراہم کرنے کیلئے بینکنگ کا نیا نظام متعارف کرایا جس کے تحت 6 بینکوں کی خدمات حاصل کی جا رہی ہیں تاکہ انسانی مداخلت کم سے کم ہو اور مستحقین کو انکی پوری رقم موصول ہو۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ حق دار خواتین کو شفاف اور باعزت طریقے سے رقم کی وصولی میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی انتظامیہ کیساتھ تعاون کریں۔